HIV سے حفاظت کے لیے PrEP ہوں-

Pre-exposure prophylaxis (پری ایکسپوژر پروفیلیکسس) یا PrEP ایک روزانہ لینے والی گولی ہے جو لوگ کھاتے ہیں تاکہ وہ HIV ہونے کے بارے میں اپنے فکر کو کم کر سکیں۔

PrEP ان لوگوں کے لیے ہے جو HIV کے بارے میں ہوشیار ہیں

آپ PrEP پر غور کر سکتے ہیں اگر:

- آپ کے متعدد یا نامعلوم جنسی ساتھی ہیں۔
- آپ جنسی پارٹیوں یا زیادہ خطرے والے دیگر مقامات پر جنسی سرگرمی میں مشغول ہوتے ہیں۔
- آپ پیسے، منشیات یا رہائش کے لیے جنسی عمل کی تجارت کرتے ہیں۔
- آپ کو پچھلے 12 مہینوں میں کم از کم ایک STI ہوا تھا۔
- آپ جنسی تعلقات کے دوران موڈ بدلنے والے تفریحی منشیات کا استعمال کرتے ہیں۔
- آپ غیر قانونی منشیات اور ہارمونز سمیت منشیات کا انجیکشن لگاتے ہیں۔
- آپ نے ایسے پارٹنرز کے ساتھ جنسی تعلق قائم کیا ہے جو مندرجہ بالا میں سے کسی میں مشغول ہیں۔

PrEP کے بارے میں حقائق

- PrEP شروع کرنے سے پہلے HIV کی جانچ کی جاتی ہے کیونکہ PrEP صرف ان لوگوں کے لیے ہے جو HIV منفی ہیں۔
- اگر آپ پر ضمنی اثرات مرتب ہوئے ہیں تو آپ اس کے ضمن میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔
- PrEP میں ہر تین ماہ بعد HIV کی جانچ، وقتاً فوقتاً STI کی جانچ اور طبی فراہم کنندہ کے ساتھ اپائنٹمنٹس شامل ہیں۔
- Medicaid سمیت، بیمہ کے بہت سے منصوبوں میں PrEP شامل ہے۔ اگر آپ بیمہ یافتہ نہیں ہیں یا اگر آپ کی شریک ادائیگی یا قابلِ کٹوتی رقم بہت زیادہ ہے تو اس صورت میں بھی مدد دستیاب ہو سکتی ہے۔

اگر آپ PrEP شروع کرتے ہیں

- ہدایت کے مطابق دوا لینا ضروری ہے۔
- کنڈومز جنسی طور پر منتقل ہونے والے انفیکشن سے اضافی تحفظ فراہم کرتے ہیں۔
- آپ کا فراہم کنندہ آپ کی حفاظت کے دیگر طریقوں پر بات کرنے کے لیے دستیاب ہے۔

HIV کے بارے میں اپنی پریشانی کو کم کرنے کے لیے ایک اہم قدم اٹھائیں۔

طبی فراہم کنندہ سے PrEP کے بارے میں پوچھیں۔

PrEP کے بارے میں اضافی معلومات کے لیے، بشمول PrEP تجویز کرنے والے طبی فراہم کنندگان کی ڈائریکٹری، اور PrEP کی ادائیگی کے لیے وسائل کے بارے میں معلومات کے لیے، انگریزی میں بات کرنے کے لیے **1-800-541-AIDS** پر اور ہسپانوی میں بات کرنے کے لیے **1-800-233-AIDS** پر کال کریں، یا **www.health.ny.gov/PrEP** ملاحظہ کریں۔

www.health.ny.gov/PrEP

NEW YORK STATE | Department of Health

21325 (Urdu)

10/18